Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ دوشنبہ بتاریخ ۱۳ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۸ اپریل سنہ ۱۹۳۴ء جلد ۶۳

حصہ دوم

خلاصہ احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

(۱)	حکم اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۲	(۴)	احکام اجلاس صاحب فائنانس سکریٹری بہادر	۴ و ۵
(۲)	حکم عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور	۳	(۵)	حکم اجلاس تحصیلدار صاحب شاہ آباد	۵
(۳)	حکم اجلاس صاحب چیف انجنیر بہادر	//	(۶)	نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور	۶

حکم اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

سبکدوشی

۲۳ راپریل ۱۹۳۲ء

بابو بھوگی لال تحصیلدار شاہ آباد کی
خدمات یو۔ پی گورنمنٹ سے مستعاً
حاصل کی گئی تھیں۔ اور اب گورنمنٹ
موصوف نے اون کا تقرر بعہدہ
اسپشل منیجر کورٹ آف وارڈس
ضلع مراد آباد پر منظور فرمایا ہے

لہذا حکم ہوا کہ

منشی مسعود علی خاں تحصیلدار بیرونجات بابو بھوگی لال
تحصیلدار ی شاہ آباد کا چارج حاصل کرکے اونکو
سبکدوش کردیں۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری
ہوں۔ اور ڈی او بخدمت صاحب چیف منسٹر
بہادر مرسل ہو۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

واقع ۱۵ر اپریل ۱۹۳۳ء

بوجہ تعطیلات محرم الحرام من ابتداء ۱۰ر اپریل لغایت ۲۰ر اپریل ۱۹۳۳ء کوئی مقدمہ پیش نہوگا اسوجہ سے فہرست پیشی مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ سات روز طبع نہیں کرائی گئی ہے لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اندراج گزٹ بہفتہ آئندہ یعنی بتاریخ ۲۰ر اپریل ۱۹۳۳ء مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

حکم اجلاس صاحب چیف انجینیر بہادر

واقع ۱۲ر اپریل ۳۳ء

مثل یادداشت ایگزیکٹیو انجینیر صاحب انہار بابتہ منظوری رخصت رعایتی ایک ماہ فریدالدین خاں نائب علاقہ دار نہر کوسی شاہرہ بابت پچیس روپیہ از یکم اپریل ۱۹۳۳ء بوجہ بیماری نامبردہ مصدقہ صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل۔

حکم

قبل ازیں بتاریخ ۱۱ر فروری ۳۳ء بسلسلہ منظوری رخصت منشی شبیر علی اسسٹنٹ انسپکٹر ٹیلیفون جملہ ملازمان صیغہ جات ماتحت کو باجرائے احکام سررشتہ صدر و باندراج گزٹ ہذا مطبوعہ ۲۵ر فروری ۱۹۳۳ء اطلاع دیجاچکی ہے کہ حصول رخصت کیلئے درخواست قبل سے کرنا چاہئے اور بعد منظوری ضابطہ رخصت پر جانا مناسب ہے لیکن اسکے خلاف مسمی فریدالدین خاں نائب علاقہ دار انہار کی درخواست مورخہ ۳۱ر مارچ ۳۳ء دفتر صاحب ایگزیکٹیو انجینیر انہار سے ۱۰ر اپریل ۳۳ء کو دفتر ہذا میں آئی ہے جس میں یکم اپریل ۳۳ء سے ایکماہ کی رخصت رعایتی کیواسطے استدعا کیگئی ہے اگرچہ یہ رخصت علالت کے باعث چاہی گئی ہے مگر چونکہ رخصت طویل اور رعایتی ہے اس لئے حکم کی پابندی لازمی تھی اور خلاف حکم یہ واقعہ پیش آیا ہے اس لئے فریدالدین خاں نائب علاقہ دار کی رخصت علالت ایکماہ یکم اپریل ۳۳ء سے بوضع نصف تنخواہ منظور کیجاتی ہے۔ کاغذات ہذا بغرض اجرائے احکام ضابطہ بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر مرسل ہوں۔

دستخط صاحب چیف انجینیر بہادر

حکم اجلاس صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

واقع ۱۲ اپریل ۱۹۳۴ء

قبل ازیں باجرائے احکام جملہ صیغہ جات کو اطلاع دیجا چکی ہے کہ ماہ اپریل ۱۹۳۴ء کی تنخواہ باجرائے چک بنک سے ادا کیجائیگی سو روپیہ سے کم تنخواہ پانیوالوں کی مجموعی رقم تنخواہ کا چک ناظران دفاتر کو دیا جائیگا کہ وہ بنک سے روپیہ وصول کرکے اپنے محکمہ میں تقسیم تنخواہ کریں۔ سو روپیہ یا اس سے زیادہ تنخواہ پانیوالوں کو علیحدہ چک دیا جائیگا اس سلسلہ میں اکاونٹنٹ آفس سے رپورٹ ہوتی ہے کہ ملازمان تحصیلات کے لئے احکام خزانہ بموجب برآورد بنام تحصیلداران صاحبان خزانہ سے جاری ہوتے تھے آئندہ کیا صورت رہیگی اسکے متعلق اجلاس ہذا سے قبل ازیں حکم جاری ہوچکا ہے بموجب اس حکم کے اکاونٹنٹ آفس سے کارروائی کیجاتی ہے۔

دوسری بات اکاونٹنٹ آفس کی رپورٹ کی یہ ہے کہ وضعات چندہ کلب از ممبران و سبیل قرضہ ہائے کورٹ منصب علی و وکٹ نراین و قرضہ سرکاری وغیرہ کی سبیل کسطرح ہوگی اور بل تنخواہ ذریعہ گوشوارہ نشر وار بعد مجرائی موصول سررشتہ ہوئے ہیں جنکے متعلق ابتک یہ طریقہ رہا ہے کہ ہر ایک بل تنخواہ نتھی سے علیحدہ کرکے اجرائے بل پر رسید میں علحدہ ایسے وضعات کردیا جاتا ہے جس سے مطالبہ وضع ہوجاتا ہے بقیہ رقم ادا کردی جاتی ہے آئندہ کیا صورت رہیگی اسکے متعلق یہ کارروائی کیجاتی ہے کہ چک بعد وضعات رقم چندہ کلب و قرضہ سرکاری وغیرہ دیئے جائیں اور ہر ایک مد وضعات کی ایک علیحدہ فہرست مرتب کیجاتی ہے جسمیں نام افسران یا اہلکاران (جنکی تنخواہ سے وضعات ہوتی ہے) نام صیغہ اور رقم وغیرہ درج ہوگی اس مجموعی رقم کا ایک چک بنک کے نام جاری کردیا جائیگا اور یہ فہرست مع کاغذات متعلقہ خزانہ میں بیطرز منہا رہیگی صاحب اکاونٹنٹ جنرل اس فہرست کو بذات خود خاص طور پر چیک کرکے ہمارے پاس مع چک رجسٹر کے بھیجینگے اور برآورد دل کے ساتھ ساتھ وضعات کا کام بھی انجام پائیگا۔

اکاونٹنٹ آفس نے اپنے آخری حصہ رپورٹ میں یہ بھی تحریر کیا ہے کہ اکثر ملازمان رخصت بوضع تنخواہ حاصل کرتے ہیں یا نصف تنخواہ پر رخصت دیجاتی ہے یا معطلی و برخاستگی وغیرہ ہو اور حکم بعد پاس ہونے برآورد کے جسمیں ملازم کی پوری تنخواہ برآمد ہوچکی ہو موصول ہو تو اس صورت میں رقم تنخواہ قابل وضعات کسطرح رک سکیگی اس کے متعلق صیغہ جات کا فرض ہے کہ صحیح کیفیت سے جلد از جلد آڈٹ کو مطلع کریں۔ برآورد پاس ہونے سے قبل اطلاع ملجائے تو حکم کے مطابق آڈٹ میں علحدہ آمد کرلیا جائے ورنہ بدرجہ مجبوری اس پر آڈٹ میں علحدہ آمد بعد میں کیا جائیگا سو روپیہ سے نیچے تنخواہداران کا علحدہ آمد وضعات بدستور سابق صیغہ جات میں رہیگا کیونکہ انکی تقسیم تنخواہ صیغہ جات میں ہوگی البتہ سو روپیہ یا اس سے زائد تنخواہ پانیوالوں کی وضعات کے متعلق یہ امر قابل غور رہتا ہے کہ اگر کسی ملازم کی موقوفی آخر ماہ میں ہوئی اور برآورد میں پوری رقم تنخواہ برآمد ہوچکی ہے تو ایسی رقم کی کیا صورت رہیگی اگر چک کے اجرا ہونے سے قبل

اسکی اطلاع ہو جائے تو چک روک لیا جائیگا اور احکام موتوفی یا دیگر صنعات کے واقعات کے مطابق عملدرآمد ہو جائیگا۔ ایسی صورتوں میں صیغہ جات متعلقہ کا فرض ہوگا کہ اکاؤنٹ آفس (خزانہ) کو براہ راست اطلاع فوراً وقت پر کردیں تاکہ خزانہ میں وقت پر اطلاع پہنچکر صحیح اجرا چک کا کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

باجرائے احکام جملہ صاحبان منسٹر و سکریٹری صاحبان بہادر نسخہ متعمیں تقسیم کیا جائے کہ براہ کرم اکاؤنٹ آفس کو وقت پر اطلاع دیئے جانے کے متعلق حسب صراحت بالا انتظام فرما دیا جائے۔ ایک نقل صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل نسخہ متعمیں اور ایک نقل منیجر صاحب پریس کے پاس بھیجی جائے ایک نقل فائل کمبل میں رکھے جانے کی غرض سے فائنانس آفس ارسال کیجائے اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

تقرر

۲۲ اپریل ۱۹۳۳ء

سید ناصر علی اہلمد برخاست شدہ کی جگہ پر بدر الدین کا تقرر بمشاہرہ عہ ۱۵ اپریل ۱۹۳۳ء سے منظور ہے۔ بدر الدین فوج میں ملازم تھا۔ صاحب آرمی منسٹر بہادر نے اسکے اکاؤنٹ آفس میں تقرر ہو جانے سے اتفاق فرمایا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

حکم تحصیلدار صاحب شاہ آباد

تقرر

۱۴ اپریل ۱۹۳۳ء

منسلکہ رپورٹ واصل باقی نویس تحصیل شاہ آباد بابت تقرر شیام سروپ بجائے رادھے شیام پیڈ اپرنٹس مبدل بعہدہ ضلعداری۔

نقل یادداشت تحصیلدار صاحب شاہ آباد بخدمت شریف جناب ڈپٹی سکریٹری صاحب تحصیل اضلاع

رادھے شیام پیڈ اپرنٹس علاقہ خام تحصیل ہذا بعہدہ ضلعداری تبدیل ہوگیا اور بجائے نامبردہ مسمی شیام سروپ اپرنٹس سکنہ شاہ آباد کا تقرر بمشاہرہ ساٹھ روپیہ ماہوار تاریخ امروزہ سے کردیا گیا کاغذات بغرض اجرائے احکام ارسال ہیں۔

نیاز مند

دستخط تحصیلدار صاحب شاہ آباد

نقل حکم صاحب ڈپٹی سکریٹری صدر

حسب تحریر تحصیلدار صاحب شاہ آباد احکام ضابطہ جاری ہوں آج یہ کاغذات موصول ہوئے ہیں۔ ۲۷ اپریل ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب ڈپٹی سکریٹری صدر

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابت ہفتہ چہارم ماہ اپریل سنہ ۱۹۳۴ء

کیفیت	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ملک	[illegible]	سوار	نام جنس
بقیہ چار تحصیلات حضور تحصیل	-/۱۱/۱۲/۶/۱۱	۰	۰	-/۱۰/۱۲	۰	۰	گندم
شاہ آباد - بلاسپور - سوار	-/۱/۷	۰	۰	-/۱/۸	۰	۰	نخود خالص
سے نقشہ جات موصول نہیں ہوئے	-/۱/۹	۰	۰	-/۱/۳۰	۰	۰	نخود کرآمیز
	-/۱/۳۰	۰	۰	-/۱/۳۱	۰	۰	کتہ
	-/۱/۱۳	۰	۰	-/۱/۱۲	۰	۰	ماش
	-/۱/۱۲	۰	۰	۰	۰	۰	مونگ
	-/۱/۱۸	۰	۰	۰	۰	۰	مکا
	-/۱/۲۳	۰	۰	-/۱/۳۳	۰	۰	جئی
	-/۱/۲۰	۰	۰	۰	۰	۰	گوجئی
	-/۱/۱۶	۰	۰	-/۱/۱۶	۰	۰	عدس
	-/۱/۱۶	۰	۰	-/۱/۱۳	۰	۰	ارہر
	-/۱/۰/۱۰	۰	۰	-/۱/۰/۹	۰	۰	برنج
	[illegible]	۰	۰	۱۳ چھٹانک	۰	۰	روغن زرد
	-/۱/۰/۳	۰	۰	-/۱/۳	۰	۰	روغن سیاہ
	-/۱/۰/۳	۰	۰	-/۱/۰/۳	۰	۰	روغن کنجد
	-/۱/۰/۹	۰	۰	-/۱/۰/۸	۰	۰	نمک سانبھر
	-/۱/۸	۰	۰	-/۱/۶	۰	۰	نمک لاہوری
	-/۱/۱۰	۰	۰	-/۱/۹	۰	۰	قند سیاہ
	۰	۰	۰	۰	۰	۰	باجرہ

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور